F.6-4 (Edit)/2022 NCPUL Press Release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Education, Department of Higher Education
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:1/08/2022

قومی اردو کونسل کا ترانہ اس کی ہمہ جہت خدمات کا بہترین تعارف نامہ ثابت ہوگا: پروفیسر شیخ عقیل احمد

مشہور شاعر طالب رامپوری نے تیار کیا قومی اردو کونسل کا ترانہ

نئی دہلی: اردو کے سینئر شاعر طالب رامپوری نے قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کا ایک خوب صورت ترانہ تیار کیا ہے جس کی پذیرائی کی تقریب آج کونسل کے صدر دفتر میں منعقد کی گئی۔ اس موقعے پر ڈائریکٹر پروفیسر شیخ عقیل احمد نے کہا کہ میری دلی خواہش تھی کہ دیگر علمی و ادبی اداروں کی طرح کونسل کا بھی اپنا ترانہ ہونا چاہیے جس سے مختصراً اس کا تعارف ہو اور اسے کونسل کے پروگراموں میں پیش کیا جاسکے، کئی شاعروں سے میں نے اپنی خواہش کا اظہار بھی کیا، مگر بات نہیں بن سکی، لیکن کچھ دنوں پہلے جب طالب صاحب سے میری ملاقات ہوئی اور میں نے ان سے اپنی اس خواہش کا اظہار کیا تو انھوں نے نہ صرف خوش دلی سے مثبت جواب دیا، بلکہ بڑی محبت سے ترانہ تیار کرکے لائے جو آج آپ لوگوں کے سامنے ہے۔ جلد ہی اس ترانے کو باقاعدہ بہترین آڈیو- وڈیو کے ساتھ کمپوز کیا جائے گا اور یہ کام بھی طالب رامپوری صاحب ہی اپنے طور پر کروارہے ہیں جس کے لیے ہم ان کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں۔ اس موقعے پر نمونے کے طور پر معروف سنگیت کار استاد سخاوت علی خاں اور ان کی صاحب زادی کی آواز میں گائے ہوئے چند مصرعے شرکائے محفل کو سنائے گئے، جنھیں سبھوں نے پسند کیا۔ محترمہ آبگینہ عارف نے حاضرین کو مکمل ترانہ پڑھ کر سنایا۔ پروفیسر شیخ عقیل احمد نے اس ترانے کے حوالے سے بتایا کہ اسے تیار کرنے میں شاعر نے تمام فنی و شعری نزاکتوں کو ملحوظ رکھا ہے اور کونسل کی خدمات اور اسکیموں کا بھی اختصار کے ساتھ تعارف کروایا گیا ہے، شاعروں اور ماہرین فن نے اس کی لفظیات و مشمولات کو سراہا ہے، چنانچہ ہم نے کونسل کے آفشیل ترانے کے طور پر اسے اپنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس موقعے پر کونسل کے تمام عملہ کے علاوہ روزنامہ دور جدید کے ایڈیٹر ایس ٹی رضا بھی موجود رہے۔

(رابطہ عامہ سیل)